© rasailojaraid.com

ادارہ

# دفاع پاکستان کونسل کے دس نکاتی مقاصد و منشور

---

دفاع پاکستان کونسل کے دس اہم چیدہ چیدہ نکات، اہداف ومقاصد قارئین "الحق" کی معلومات اور ریکارڈ کے لئے پیش کئے جا رہے ہیں۔۔۔۔۔۔۔(ادارہ)

---

۱۔ امریکی اور اس کے اتحادیوں کے سامراجی اور استعماری تسلط سے ملک کو آزاد کرانا۔

۲۔ امریکی ڈرون حملوں کو بند کرانا، ہوائی اڈوں اور وسائل کے استعمال کو بند کرانا، پاکستان کو امریکی اور نیٹو افواج کو رسد کی سپلائی روکنا۔

۳۔ بیرونی طاقتوں اور دنیا پر پاکستانی قوم کی وحدت اور مکمل یکجہتی کا اظہار۔

۴۔ اس پلیٹ فارم کے ذریعہ قوم کو گروہی، مذہبی، علاقائی، لسانی وابستگیوں سے بالاتر ہو کر تفریق وانتشار کی سازشوں سے بچانا۔

۵۔ پوری قوم کو پاکستان کے نظریاتی سرحدات اور اسلامی تشخص بچانے کیلئے متفق اور منظم کرنا۔ پاکستان کے اسلامی شعائر مساجد دینی مدارس، خانقاہوں، دعوت وتبلیغ کے مراکز پر آنچ نہیں آنے دینا۔

۶۔ پاکستان کے اندر لادینی سیکولر لبرل اور منافق عناصر کو تنبیہ کرنا کہ اس ملک کے غیور مسلمان یہاں غیر اسلامی عزائم کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔

۷۔ اس ملک کو غیر ملکی اثرات سے پاک کر کے ملک میں مکمل اسلامی فلاحی ریاست کیلئے قیام کیلئے راستہ ہموار کرنا

۸۔ ملک کو پڑوسی ملک بھارت کی سازشوں اور جارحانہ عزائم سے بچانا، اور کشمیر وغیرہ، اہم مسائل حل ہوئے بغیر دوستانہ روابط کا مقابلہ کرنا۔

۹۔ آزادی کی جنگ لڑنے والے غیور کشمیریوں کی مکمل تائید اور پشت پناہی۔

۱۰۔ افغانستان کی آزادی کے لئے برسرپیکار طالبان اور دیگر مزاحمتی قوتوں کی مکمل اخلاقی تائید۔

© rasailojaraid.com